احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 4 فروری 2009ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 4 فروری 2009ء 8 صفر 1430 ہجری 4 تبلیغ 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 28

ملائکہ سے افضل

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

مومن اللہ کی نظر میں اس کے بعض ملائکہ سے بھی افضل ہوتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الفتن باب المسلمون فی ذمة اللّٰہ حدیث نمبر 3937)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

شریعت کے دو ہی بڑے حصے اور پہلو ہیں جن کی حفاظت انسان کو ضروری ہے۔ایک حق اللہ، دوسرے حق العباد۔حق اللہ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت، اس کی اطاعت، عبادت، توحید، ذات اور صفات میں کسی دوسری ہستی کو شریک نہ کرنا۔اور حق العباد یہ ہے کہ اپنے بھائیوں سے تکبر، خیانت اور ظلم کسی نوع کا نہ کیا جاوے۔گویا اخلاقی حصہ میں کسی قسم کا فتور نہ ہو۔سننے میں تو یہ دو ہی فقرے ہیں لیکن عمل کرنے میں بہت ہی مشکل ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا بڑا ہی فضل انسان پر ہو تو وہ ان دونوں پہلوؤں پر قائم ہو سکتا ہے کسی میں قوت غضبی بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔جب وہ جوش مارتی ہے تو نہ اس کا دل پاک رہ سکتا ہے اور نہ زبان۔دل سے اپنے بھائی کے خلاف ناپاک منصوبے کرتا ہے اور زبان سے گالی دیتا ہے۔اور پھر کینہ پیدا کرتا ہے۔کسی میں قوت شہوت غالب ہوتی ہے اور وہ اس میں گرفتار ہو کر حدود اللہ کو توڑتا ہے۔غرض جب تک انسان کی اخلاقی حالت بالکل درست نہ ہو وہ کامل ایمان جو منعم علیہ گروہ میں داخل کرتا ہے اور جس کے ذریعہ سچی معرفت کا نور پیدا ہوتا ہے اس میں داخل نہیں ہو سکتا۔پس دن رات یہی کوشش ہونی چاہئے کہ بعد اس کے جو انسان سچا موحد ہو اپنے اخلاق کو درست کرے میں دیکھتا ہوں کہ اس وقت اخلاقی حالت بہت ہی گری ہوئی ہے۔اکثر لوگوں میں بدظنی کا مرض بڑھا ہوا ہوتا ہے۔وہ اپنے بھائی سے نیک ظنی نہیں رکھتے اور ادنیٰ ادنیٰ سی بات پر اپنے دوسرے بھائی کی نسبت برے برے خیالات کرنے لگتے ہیں اور ایسے عیوب اس کی طرف منسوب کرنے لگتے ہیں کہ اگر وہی عیب اس کی طرف منسوب ہوں تو اس کو سخت ناگوار معلوم ہو۔اس لئے اول ضروری ہے کہ حتی الوسع اپنے بھائیوں پر بدظنی نہ کی جاوے اور ہمیشہ نیک ظن رکھا جاوے، کیونکہ اس سے محبت بڑھتی ہے اور انس پیدا ہوتا ہے اور آپس میں قوت پیدا ہوتی ہے اور اس کے باعث انسان بعض دوسرے عیوب مثلاً کینہ۔بغض۔حسد وغیرہ سے بچا رہتا ہے۔

پھر میں دیکھتا ہوں کہ بہت سے ہیں جن میں اپنے بھائیوں کے لئے کچھ بھی ہمدردی نہیں۔اگر ایک بھائی بھوکا مرتا ہو تو دوسرا توجہ نہیں کرتا اور اس کی خبر گیری کے لئے تیار نہیں ہوتا۔یا اگر وہ کسی اور قسم کی مشکلات میں ہے تو اتنا نہیں کرتے کہ اس کے لئے اپنے مال کا کوئی حصہ خرچ کریں۔حدیث شریف میں ہمسایہ کی خبر گیری اور اس کے ساتھ ہمدردی کا حکم آیا ہے بلکہ یہاں تک بھی ہے کہ اگر تم گوشت پکاؤ تو شوربا زیادہ کر لو تا کہ اسے بھی دے سکو۔اب کیا ہوتا ہے اپنا ہی پیٹ پالتے ہیں، لیکن اس کی کچھ پرواہ نہیں۔یہ مت سمجھو کہ ہمسایہ سے اتنا ہی مطلب ہے جو گھر کے پاس رہتا ہو۔بلکہ جو تمہارے بھائی ہیں وہ بھی ہمسایہ ہی ہیں خواہ وہ سو کوس کے فاصلے پر بھی ہوں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 214)

محترمہ خاتم النساء صاحبہ

وفات پاگئیں

مکرم ڈاکٹر محمد احمد اشرف صاحب فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ خاتم النساء درد صاحبہ اہلیہ محترم مولانا محمد شفیع اشرف صاحب بنت حضرت مولانا عبدالرحیم درد صاحب 78 سال کی عمر میں مورخہ 31 جنوری 2009ء کو بقضائے الٰہی اسلام آباد میں انتقال کر گئیں۔مورخہ یکم فروری کو نماز ظہر کے بعد بیت مبارک ربوہ میں مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم ملک خالد مسعود صاحب صدر مجلس کارپرداز نے دعا کروائی۔

آپ واقف زندگی باپ کی بیٹی، واقف زندگی خاوند کی بیوی اور خدا تعالیٰ کے فضل سے دو واقف زندگی بیٹوں کی والدہ تھیں۔حضرت سیدہ ام ناصر صاحبہ کی رضاعی بیٹی ہونے کا اعزاز بھی حاصل تھا۔ابا جان کے کاموں میں بہت معاون و مددگار ہوا کرتیں۔ملتان راولپنڈی، لاہور اور ربوہ جہاں جہاں رہیں لجنہ اماء اللہ کی فعال رکن رہیں قرآن کریم سے بے حد محبت کرنے والی تھیں۔بہت سے بچوں کو قرآن کریم پڑھانے کی توفیق بھی حاصل ہوئی۔ابا جان کی وفات کے بعد قریباً 20 سال کا عرصہ نہایت حوصلے اور ہمت سے گزارا۔سادہ مزاج، قناعت پسند، بےنفس، خاموش طبع مگر بہت ملنسار تھیں۔خدا تعالیٰ کے فضل سے تہجد گزار اور نہایت دعا گو۔خلافت اور افراد خاندان حضرت اقدس سے محبت آپ کی گھٹی میں داخل تھی۔آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔آپ کا نام خاتم النساء حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے عطا کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ اب اللہ تعالیٰ بیٹا عطا فرمائے گا۔چنانچہ حضور کی یہ پیشخبری بعینہٖ پوری ہوئی اور اس شان کے ساتھ کہ آپ کی پیدائش کے بعد کئی بیٹوں کی پیدائش ہوئی۔

(باقی صفحہ 12 پر)

ضلع شیخوپورہ کے خلافت جوبلی پروگرام

شیخوپورہ شہر

27 مئی 2008ء کے دن کا آغاز شہر کی تینوں بیوت الذکر میں نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد تمام سنٹرز میں برکات خلافت کے موضوع پر دروس ہوئے جن کے بعد اجتماعی دعا ہوئی۔ نماز ظہر وعصر تمام احباب نے مرکزی بیت المبارک میں ادا کی۔ بعدازاں تمام احباب نے MTA پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا براہ راست خطاب سنا۔ تاریخی عہد دہرایا اور دعا میں شامل ہوئے۔ بعدۂ احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا اس موقع پر کل حاضری 890 کے قریب تھی۔ اگلے روز بیت الذکر پر چراغاں بھی کیا گیا۔

فاروق آباد

خدا تعالیٰ کے فضل سے 27 مئی 2008ء کے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ 80 افراد شامل ہوئے۔ نماز فجر کے بعد درس دیا گیا۔ حاضری 81 رہی۔ بعدہ قربانی کی گئی۔ حضور انور کا خطاب 307/افراد نے بیت الذکر میں سنا بعدہ شیرینی تقسیم کی گئی۔

18 جون 2008ء کو احمدیہ بیت الذکر میں صد سالہ خلافت جوبلی جلسہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ تلاوت ونظم کے ساتھ اس جلسہ کا آغاز ہوا جس کے بعد مکرم پروفیسر عبدالحمید بھٹی صاحب امیر ضلع نے خطاب کیا۔ بعدازاں مکرم رفیق احمد کاشف صاحب مربی سلسلہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام بر موقع خلافت جوبلی پڑھ کر سنایا۔ بعدہ نظم پیش کی گئی اور پھر مکرم ظفر احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ نے خطاب کیا اور آخر پر مہمان خصوصی مکرم مغفور احمد منیب صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے خطاب فرمایا اور دعا کرائی۔ ازاں بعد تمام احباب کی خدمت میں طعام پیش کیا گیا۔

چک 18 بھوڑو

27 مئی 2008ء کے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا جس کے بعد خلافت جوبلی کی دعائیں پڑھی گئیں۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اجتماعی دعا ہوئی۔ کل حاضری 175 تھی۔ ازاں بعد قربانی کی گئی جس کا گوشت سارے گاؤں میں تقسیم کیا گیا۔ نماز ظہر وعصر جمع کر کے ادا کی گئیں اس موقع پر حاضری 565 تھی بعدہ طعام پیش کیا گیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا براہ راست خطاب تمام احباب نے بیت الذکر میں سنا اور دعا میں شامل ہوئے۔ ازاں بعد احباب میں شیرینی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر بیت الذکر کو رنگارنگ خلافت کے موضوع سے سجے چارٹس اور جھنڈیوں سے سجایا گیا تھا۔

چک نمبر 25 سٹھیالی خورد

مورخہ 27 مئی کو نماز تہجد با جماعت ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد خلافت کے متعلق درس دیا گیا اور دعا کروائی گئی۔ اس دن ایک بچھڑا ذبح کیا گیا اور بیت الذکر کو جھنڈیوں اور روشنیوں سے سجایا گیا تھا تمام احباب نے نہایت خلوص سے جلسہ کی کارروائی سنی۔ کل حاضری 125 احمدی اور 40 غیر از جماعت احباب رہی۔

79 نواں کوٹ

نواں کوٹ میں خلافت جوبلی جلسہ نہایت عقیدت سے منایا گیا۔ اس موقع پر حاضری 136 رہی۔

کوٹ عبدالمالک

27 مئی کا آغاز اللہ کے فضل سے نماز تہجد سے ہوا۔ حاضری 75 رہی۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد درس دیا گیا۔ اس دن کی مناسبت سے بیت الذکر کو رنگا رنگ روشنیوں اور جھنڈیوں سے آراستہ کیا گیا تھا۔ اجتماعی ناشتہ کے بعد قربانی کا گوشت تقسیم کیا گیا۔ دوپہر کے کھانے کے بعد نماز ظہر وعصر ادا کی گئیں۔ حضور انور کا خطاب سو فیصد احباب نے سنا۔ خطاب کے بعد شیرینی تقسیم کی گئی۔

ڈیرہ ڈوگراں

یوم خلافت کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد درس ہوا پھر خدام نے اجتماعی وقار عمل کیا جس میں بیت الذکر اور ملحقہ بازار کی صفائی کی گئی۔ بیت الذکر کو جھنڈیوں اور بینرز سے آراستہ کیا گیا۔ حضور انور کا خطاب 100 فیصدی احباب نے سنا۔ پروگرام کے بعد کھانا پیش کیا گیا۔ نماز مغرب و عشاء کی ادائیگی کے بعد اس دن کا اختتام ہوا۔

کھجر

خلافت ڈے کو منانے کیلئے چار روز قبل ہی نماز تہجد شروع ہو گئی تھی اور خدام، اطفال کے ذریعہ خلافت جوبلی دعائیں بھی دہرائی جاتی رہیں۔ نماز ظہر وعصر کے بعد کھانا ہوا پھر 150 کے قریب احباب نے حضور کا خطاب سنا۔ خطاب کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی مغرب وعشاء کی ادائیگی کے ساتھ دن کا اختتام ہوا۔

سانگلہ ہل

27 مئی 2008ء کا دن جماعت سانگلہ ہل نے نہایت عقیدت سے منایا۔ اس دن حضور کا خطاب اکثریت نے بیت الذکر میں آ کر سنا۔ بعدۂ مٹھائی تقسیم کی گئی اور پھر تمام احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

چک نمبر 169 گ ر مولانکانہ صاحب

27 مئی کے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ 27/افراد شامل ہوئے۔ نماز فجر کے بعد برکات خلافت پر درس ہوا اور پھر بیت الذکر کی صفائی کی اور اسے سجایا گیا۔ حضور انور کا خطاب قریباً 100 افراد نے بیت الذکر سے ملحقہ ایک گھر میں سنا۔ اس موقع پر احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

سٹھیالی کلاں چک 25

خلافت ڈے کا آغاز نماز تہجد دعاؤں اور صدقات سے ہوا۔ بعدہٗ سارے محلے میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ ایک عدد بکرا بھی قربان کیا گیا۔ گھروں میں جھنڈیاں لگائی گئیں۔ حضور انور کا خطاب احباب نے ایک بیٹھک میں سنا۔

مریدکے

مورخہ 23 مارچ 2008ء کو بیت النور کینال پارک میں جلسہ مسیح موعود منعقد کیا گیا۔ حاضری 250 رہی۔ دوسرا پروگرام مقامی سطح پر خلافت جوبلی کوئز کا تھا جو 18/اپریل 2008ء کو منعقد ہوا جس میں انصار، خدام اور اطفال کی کل تعداد 54 تھی۔ تیسرا پروگرام 4 مئی 2008ء کو مشاعرہ کا ہوا۔ ماہ مئی کا آغاز باجماعت نماز تہجد سے ہوا جس میں 45 کے قریب حاضری تھی۔ 25 مئی 2005ء کو ایک نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ اس نمائش سے کثیر تعداد میں احباب و خواتین نے استفادہ حاصل کیا۔

27 مئی کے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز کے ہر سنٹر میں خلافت کی اہمیت کے متعلق دروس ہوئے اور اجتماعی دعا ہوئی۔ اسی دن ایک بڑے جانور کی قربانی بھی دی گئی۔ حضور انور کا خطاب براہ راست 500 کے قریب تعداد میں احباب جماعت و غیر از جماعت احباب نے سنا۔

مورخہ 8,7 جون 2008ء کو دو روزہ تربیتی کلاس برائے نومبائعین بھی منعقد ہوئی۔ حاضری 43 رہی۔

میں نازاں اپنی آنکھوں پہ

ازل سے ہوتا آیا ہے جو آتے ہیں گزرتے ہیں
نئے پھل پھول لگتے ہیں نئے غنچے نکھرتے ہیں

پرانے منظروں کو بھی بھلایا تو نہیں جاتا
مگر ہر صبح نئی دنیا' نئے منظر اُبھرتے ہیں

خدا کا شکر ہے ہم کو ملا مسرور کی صورت
وہ مہرِ تاب جس سے دامنِ امید بھرتے ہیں

سدا روشن رہے شمع خلافت کی مرے مولا
کہ اس کی روشنی میں وہ سنبھل جائیں جو گرتے ہیں

میں نازاں اپنی آنکھوں پہ جنہوں نے دیکھ لی مسعوؔد
وہ صورت جن کے دیکھے سے یہ کام اپنے سنورتے ہیں

مسعود احمد چوہدری

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم الطاف حسین نائک صاحب

کشمیر کے لئے حضرت مصلح موعود کے تین سفر

کشمیریوں کے لئے حضور کی تڑپ، دردمندانہ نصائح اور دعائیں

مصلح موعود کے متعلق فرمایا گیا تھا کہ ''وہ اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا''۔ کشمیر کے باشندوں کے حق میں چمکتے ہوئے تارے کی طرح روشن ہوئی اور کہا گیا تھا کہ قومیں اس سے برکت پائیں گی۔ کشمیر کی قوم نے اس سے برکت حاصل کی اور جو کہا گیا کہ اس کا نزول خدا تعالیٰ کا نزول ہوگا۔ سفر کشمیر کے دوران بڑے شاندار انداز میں اس کا ظہور رہوا۔ خطہ کشمیر کا ذرہ ذرہ اپنی بقا کے ساتھ اس امر کی گواہی کے لئے منہ کھولے کھڑی ہے کہ اے خدا جو تو نے اس زمانے کے امام کو ایک ولد مسعود کی خبر مع اعلیٰ صفات دی تھی ہم نے اس کا دیدار کیا اور ہم اعتراف کرتے ہیں کہ اس کے ورود مسعود سے ہی کشمیری قوم جو اسیری کی زندگی گزار رہی تھی ان کو آزادی ملی۔

قارئین کرام! آیئے آپ کو حضرت مصلح موعود کے ساتھ کشمیر کے سفر پر لے چلوں تا کہ آپ خود اس امر کا بذات خود اندازہ لگا سکیں کہ جو خدا نے آپ کے متعلق خبر دی تھی وہ کشمیریوں کے حق میں پوری ہوئی کہ نہیں؟

حضرت مصلح موعود کا پہلا سفر کشمیر

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور آپ کے ساتھ بزرگان سلسلہ کی ریاست کشمیر میں تشریف آوری۔ آسمانی تائیدوں کا زندہ اور درخشاں ثبوت ہے۔ آپ نے اپنے اس سفر کا آغاز یکم جولائی 1909ء میں کیا۔ آپ کے اس روحانی سفر میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے اور حضرت مولوی سرور شاہ صاحب اور حضرت میر محمد اسحاق صاحب بھی آپ کے ہمراہ تھے اس سفر میں ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس نے آپ کے دل میں اہل کشمیر کی دردناک اور قابل رحم حالت کا نقشہ ایسا گہرا جما دیا جسے آپ نے کبھی فراموش نہیں کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

1909ء میں میں کشمیر گیا تو ایک مقام سے چلتے وقت میں نے تحصیلدار سے کہا کہ ہمارے لئے کسی مزدور کا انتظام کر دیا جائے اس نے رستہ میں سے ایک شخص کو پکڑ کر ہمارے پاس بھیج دیا کہ اس کے سر پر اسباب رکھوا دیں۔ ہم نے اسے سامان دے دیا مگر ہم نے دیکھا کہ وہ راستے میں بار بار ہائے ہائے کرتا ہے۔ آخر ایک جگہ پہنچ کر اس نے تھک کر ٹرنک نیچے رکھ دیا۔ میں نے اس کی یہ حالت دیکھی تو مجھے بڑا تعجب ہوا اور میں نے اس سے کہا کہ کشمیری تو بہت بوجھ اٹھانے والے ہوتے ہیں تم سے یہ معمولی ٹرنک بھی نہیں اٹھایا جاتا۔ وہ کہنے لگا میں مزدور نہیں ہوں۔ میں تو زمیندار ہوں، اپنے گاؤں کا معزز شخص ہوں اور دولہا ہوں جو برات میں جا رہا تھا کہ مجھے راستہ میں تحصیلدار نے پکڑ لیا اور اسباب اٹھانے کے لئے آپ کے پاس بھیج دیا۔ میں نے اسی وقت اسے چھوڑ دیا کہ تم جاؤ ہم کوئی اور انتظام کر لیں گے ...... میں نے خود کشمیر میں اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ سو دو سو کے قریب مسلمان جمع ہیں اور ایک ہندو انہیں ڈانٹ رہا ہے اور وہ بھی کوئی افسر نہیں تھا بلکہ معمولی تاجر تھا اور وہ سارے کے سارے مسلمان اس کے خوف سے کانپ رہے تھے۔

(تاریخ احمدیت جلد چہارم ص 80,79)

اس سفر میں حضور نے مظلوم کشمیری مسلمانوں کا حال بچشم خود دیکھا اور اسی دن سے ان حالات کو دیکھ کر آبدیدہ ہو گئے اور دل ہی دل میں کشمیریوں کے حقوق کے حتی المقدور کوشش کرنے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ آپ دعاؤں میں مصروف رہے اور بعد میں عملاً کشمیر کانفرنس قائم کر کے یہاں کے عوام کے تئیں بے لوث ہمدردی کا مظاہرہ کیا۔

جب آپ اس سفر سے واپس قادیان تشریف لائے تو آپ نے قادیان میں مقیم کشمیری طلباء کے ساتھ بے حد لگاؤ اور ہمدردی و شفقت کا اظہار فرمایا۔ جب آپ 1914ء میں مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو ان طلباء کے لئے تعلیمی وظائف مقرر فرمائے۔

آپ نے کشمیر کی احمدی و غیر از جماعت کے سرکردہ لوگوں کو مشورہ دیا کہ قادیان میں طلباء کو تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھجوائیں اور فرمایا کہ اس تعلیم کی ذمہ داری ہم پر ہوگی اور کشمیر کے بزرگان نے علاقہ بھر میں تعلیمی بیداری کی ایک زبردست مہم چلائی۔

حضرت مصلح موعود کا دوسرا سفر کشمیر

مسند خلافت پر متمکن ہونے کے بعد 1921ء میں دوسری دفعہ آپ نے مع اہل خانہ کشمیر کا روحانی سفر اختیار فرمایا۔ یکم جولائی کو جمعہ کی نماز ایک احمدی بھائی محمد اسماعیل صاحب سوداگر (سری نگر) کے مکان پر پڑھی گئی بعد از نماز پانچ احباب نے آپ کی بیعت کی۔ خطبہ و نماز حافظ روشن علی صاحب نے پڑھائی اور حضرت خلیفۃ المسیح کی ہدایت کے مطابق حضرت حافظ صاحب درس القرآن بھی دیتے رہے۔

حضور مشاغل تصنیف میں مصروف رہے اور بیرونی احباب سے ملاقات کرتے رہے۔ پارسی فرقہ کے ایک بڑے لیڈر نے آ کر آپ سے ملاقات کی۔ 7 جولائی کو آپ نے نشاط باغ کی سیر فرمائی اور آپ نے یہاں کے دلکش نظاروں اور قدرت کے مناظر کو رقم فرمایا۔

یکم اگست 1921ء کو حضور نے سری نگر خانیار میں مسیح ناصری علیہ السلام کی قبر کی زیارت کی جہاں آپ نے بہت دیر تک دعائیں کیں اور روضہ کے محافظ کو روضہ کی مرمت کے لئے عطیہ دیا اور حضور نے فرمایا کہ کیا ہی اچھا ہو کہ ہماری جماعت کے لوگ جب اس زیارت گاہ کی زیارت کریں تو اس کی مرمت و حفاظت کے لئے کچھ نہ کچھ ضرور دیتے رہیں جس سے اس مقام کی عظمت بھی بڑھتی چلی جائے گی۔ پھر حضور نے مختلف مقام کا دورہ کیا جیسے کہ نسیم باغ، حضرت بل وغیرہ۔ (الفضل 22/اگست 1921ء)

7/اگست 1921ء کو موضع بیج بہاڑہ میں حضور کے پاس آ کر چار افراد نے بیعت کا شرف حاصل کیا۔ اس موقعہ پر حضور نے بیعت کی حقیقت بیان فرمائی اور حضور نے آنحضرتؐ کے صحابہ کی مثال دے کر فرمایا کہ اپنے اندر وہ جذبہ پیدا کرو، انہوں نے قربانیاں کیں تو انعام پائے انہوں نے دنیاوی آرام کے مقابلہ پر ہمیشگی کی زندگی کو ترجیح دی۔ بہت سے لوگ ہیں کہ مشکلات کے وقت بیعت کو چھوڑ بیٹھے ہیں دراصل ایسے ہی مواقع ہوتے ہیں جن پر ایمان کی پرکھ ہوتی ہے۔ سو ایسے وقتوں میں ڈرنا نہیں چاہئے۔ بیعت کے بعد ان کی جان اپنی نہیں رہتی یہ خدا کا برتن ہے چاہے توڑے چاہے رکھے پس دلیری اور جرأت سے کام لے کر مشکلات کا مقابلہ کرنا چاہئے اور خدمت دین میں کمربستہ رہنا چاہئے۔ بیعت کے مفہوم کو اس طرح سے سمجھے کہ اس جان کے بدلے میں دنیا کا کچھ نہ مانگے۔ اس کی جان، مال، اولاد سب خدا کے ہیں اور اس کے حکموں کے ماتحت ان کو صرف کرتا ہے اور دین کے تمام حکموں پر عمل کرتا ہے۔ جب تک کل احکام کو مان کر اشاعت دین نہ کرے ایمان کامل نہیں ہوتا اور بیعت کا حق ادا نہیں ہوتا۔ (الفضل 5 ستمبر 1921ء)

اس کے بعد اچھابل کی سیر کو گئے یہاں کے بعد آپ ویری ناگ تشریف لے گئے۔ اسلام آباد (اننت ناگ) سے آپ مع اہل خانہ تانگوں اور گھوڑوں پر سوار ہو کر آسنور روانہ ہو گئے پھر آپ کند پورہ (جو راستہ میں آتا ہے) ٹھہر کر آپ نے تقریر کی اور فرمایا کہ کشمیر کے لوگ قادیان آنے میں سستی کرتے ہیں۔ اگر سال کے بعد نہیں آ سکتے تو دوسرے سال آنے کی ضرور کوشش کریں۔ (الفضل 22/اگست 1921ء)

یہاں پر آسنور کا ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ آسنور میں سب سے پہلے حضرت الحاج عمر ڈار 1894ء میں اس بستی کو احمدیت کے آغوش میں لائے اور تب سے یہ علمی، ادبی، تربیتی اور روحانی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے۔ یہاں حضرت مسیح موعود کے کئی رفقاء پیدا ہوئے جن کی روحانیت اور اخلاق و کردار کے قصے علاقہ بھر میں مشہور ہیں۔ چنانچہ انہوں نے جب یہاں کی سعید روحوں کو پیغام مسیح دیا تو بغیر کسی تاخیر کے انہوں نے پیغام حق و صداقت پر لبیک کہا۔

حضرت مسیح موعود کے روحانی دور سے ہی اس گاؤں کو قادیان دارالامان سے ایک روحانی رابطہ رہا ہے اور جہاں قادیان سے متعدد بزرگان سلسلہ کی آمد و قیام کا ذکر عموماً ملتا ہے وہاں حضرت المصلح الموعود کی آمد و قیام سے جو برکتیں اور افضال قوم کو نصیب ہوئی وہ آج تک محسوس کی جا سکتی ہے۔

آسنور کے احباب حضرت مسیح موعود کے فرزند جلیل کے استقبال میں قریباً 8 میل تک قطاروں میں کھڑے اپنے آقا کے منتظر تھے دو میل کے فاصلہ تک احمدی بچوں اور نوجوانوں کی دورویہ قطار کھڑی تھی۔ حضور دعائیں کرتے ہوئے آسنور کے خوشنما علاقہ میں داخل ہوئے اور داخل ہوتے ہوئے خشوع سے سب کے ساتھ مل کر دعا مانگی جس سے احباب پر رقت طاری ہوگئی بارہ بجے حضور نے آسنور پہنچ کر بیت احمدیہ میں نماز جمعہ پڑھائی۔ وہ دن یوم الحج تھا۔ حضور ایک قریب کی پہاڑی پر خلوت کی جگہ دعا کے لئے تشریف لے گئے اس کے بعد حضور نے درود شریف کی اہمیت و فضیلت و حکمت پر تقریر کی۔

اس کے بعد حضور نے عید کی نماز پڑھائی اور لوگوں کو قربانی کی اہمیت سے آگاہ فرمایا اس کے بعد حضور نے اعلان فرمایا کہ آسنور میں 26/اگست 1931ء کو ایک جلسہ عام ہوگا۔ اس جلسہ میں پانچ صد افراد نے شرکت کی۔ 26/اگست کو حضور کے دو لیکچر ساڑھے چار گھنٹہ تک ہوئے اور دوسرے دن گھنٹوں حضور نے خطہ کشمیر کے لوگوں کو جن امور کی درستگی کی طرف توجہ دلائی ان میں سے ان لوگوں کا قسمیں کھانا، نشہ کی عادت اور لباس کی خرابی تھی۔

(الفضل 5 ستمبر 1921ء)

اور فرمایا کہ کشمیر کو دیہات کے ذریعہ ترقی ملے گی کسی قوم کو جب بھی ترقی ملتی ہے اور اصلاح ہوتی ہے تو صرف دیہات کے ذریعہ سے ملتی ہے۔

یہ بات مشاہدے میں آ چکی ہے کہ کشمیر نے اگر ترقی کی ہے تو دیہات ہی کے ذریعہ کی۔ اگر مصلح موعود وہاں نہ جاتے تو کشمیر کی موجودہ حالت ایسی نہیں ہوتی جس طرح آج ہے۔

2 ستمبر 1921ء کو حضور نے جمعہ پڑھایا اور لوگوں کو سورۃ کوثر کی بصیرت افروز تفسیر سے روشناس کیا پھر حضور نے 4,3 ستمبر کو کنگ وٹن کے سیر کی طرف رخ کیا اور وہاں رات قیام فرمایا پھر کوثر ناگ تشریف لے گئے جو 13 ہزار فٹ کی بلندی پر ایک وسیع جھیل صاف شفاف پانی پر مشتمل ہے۔

اس سفر کے دوران حضور نے ایک رویا میں دیکھا تھا کہ ایک خط ہوائی جہاز کے ذریعہ حضور کے نام آیا ہے اور لفافہ کے پشت پر حروف a.m. لکھے ہیں اور ایک حرف ہے جو یاد نہیں رہا سو خدا کے فضل سے حضور کی یہ رویا بعینہٖ پوری ہوئی۔ لفافہ کی پشت پر ایک ٹکٹ چسپاں تھا جس پر لکھا تھا By Airmail (یعنی بذریعہ ہوائی جہاز) اور خط لکھنے والے صاحب نے

اپنے ہاتھ سے بھی یہی لکھا تھا۔
(بحوالہ الفضل 26 ستمبر 1921ء)

حضرت مصلح موعود کا تیسرا سفر کشمیر

حضرت مصلح موعود نے کشمیر کی وادی کو پھر ایک بار اپنے مقدس پیروں سے چھوا اور یہ سلسلہ 1929ء کے وسط سے شروع ہوا۔

5 جولائی 1929ء کو آپ نے جمعہ کا خطبہ سری نگر میں ''اپنی مدد آپ کرو'' کے عنوان پر ارشاد فرمایا اور آپ نے واضح فرمایا کہ عملی لحاظ سے غفلت پیدا ہوگی ہے جس کی وجہ سے ان کی ترقی رک گئی ہے۔ عمل نہ کرنے کی وجہ سے پستی ہے۔ جب تک لوگ اپنی مدد آپ نہ کریں گے، دیانتداری سے کام نہ لیں گے۔ اپنے آپ کو مفید نہ بنائیں گے، مصیبت زدوں کی امداد نہ کریں گے تب تک ترقی نہ ہوگی۔

(الفضل 19 جولائی 1929ء)
(خطبات محمود جلد 12 ص 133 تا 139)

آپ نے دوسرا خطبہ بھی سری نگر میں ہی ارشاد فرمایا جس میں آپ نے مخالفین کے مقابلے میں صبر و استقامت کی تلقین کی۔ الفضل 23 جولائی 1929ء میں یہ خطبہ تفصیل سے موجود ہے۔

(خطبات محمود جلد 12 ص 127 تا 132)

سری نگر سے حضور پہلگام تشریف لے گئے پھر واپس سری نگر آئے۔ 12 جولائی 1929ء کو بمقام سری نگر آپ نے اور ایک خطبہ دیا جس میں آپ نے یہ ہدایت فرمائی کہ خدا تعالیٰ کی نعمتوں کی قدر کرو۔ الفضل 16 راگست 1929ء میں اس کی تفصیل موجود ہے۔

(خطبات محمود جلد 12 ص 140 تا 144)

دوران سفر کشمیر آپ ترجمۃ القرآن کی اصلاح فرماتے رہے۔

15 راگست 1929ء کو حضرت مصلح موعود مع مولانا محمد اسماعیل صاحب ہلالپوری، مولوی قمر الدین صاحب، مولانا عبدالرحیم صاحب درد یاڑی پورہ جلسہ پر تشریف لے گئے۔ جماعت کے احباب نے شاندار استقبال کیا اور جلسہ گاہ کو جو بیت احمدیہ کے صحن میں تھا کئی جگہ سے سجایا گیا۔ اس جلسہ میں حضور نے نبوت کے زمانہ کی اہمیت و برکات پر تقریر کی جو کہ 12 نومبر 1929ء کے الفضل قادیان میں شائع شدہ موجود ہے اس جلسہ میں 64 افراد نے حضور کے دست مبارک پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔

16 راگست 1929ء کو حضور نے خواجہ محمد اسماعیل صاحب کے مکان پر خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں بہائیت کی تردید کی۔ جو موقعہ کے لحاظ سے نہایت مفصل تھا۔ یہ خطبہ 2 ستمبر 1929ء کے الفضل میں شائع شدہ موجود ہے۔ یکم اکتوبر 1929ء کو حضرت مصلح موعود اپنے قافلہ کے ساتھ کشمیر سے واپس روانہ ہوئے۔ 3 اکتوبر 1929ء کو واپس قادیان تشریف لے آئے۔ (تاریخ احمدیت جلد 5 ص 140,139)

مکرم ریاض احمد ملک صاحب

مکرم ملک غلام احمد صاحب چیف ملر آف دوالمیال

مکرم ملک غلام احمد صاحب چیف ملر اپنے حسن اخلاق، پُرخلوص عادات، ہنس مکھ رویوں، بے لوث خدمات، اپنی دل موہ لینے والی پُرخلوص باتوں اور سماجی بہبود کے کاموں کی وجہ سے دوالمیال کے رہنے والوں کے دلوں میں اپنی جگہ رکھتے تھے

ان کی والدہ محترمہ فرمایا کرتی تھیں کہ مجھے جو اولاد نصیب ہوئی، یہ محض احمدیت کی خدمت۔ نظام خلافت سے وابستگی اور دعاؤں کی بدولت ملی ہے اور احمدیت نے مجھے اور میری اولاد کو شرک سے محفوظ رکھا ہے اور ہمیشہ اولاد کو احمدیت سے وابستہ رہنے اور نظام خلافت کی اطاعت کرنے اور دعاؤں پر زور دیا ہے۔

مکرم غلام احمد صاحب دوالمیال میں یکم نومبر 1946ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق حضرت حافظ شہباز خان صاحب (دوالمیال کے پہلے احمدی) کے خاندان سے تھا اور آپ کے والد محترم صوبیدار ملک محمد خان صاحب ایک دلیر احمدی تھے اور آپ کی بیٹھک دعوت الی اللہ کا مرکز ہوا کرتی تھی۔ جس میں دوالمیال کے پائے کے احمدی بزرگ اکٹھے بیٹھ کر مطالعہ کتب اور احمدیت کی صداقت پر گفتگو کرتے تھے۔ اس پیپل والی بیٹھک میں مکرم جمعدار (نائب صوبیدار) نور محمد ملک صاحب۔ چچا مکرم غلام احمد صاحب، مکرم ملک احمد خان راشد، مکرم رسالدار ملک غلام محمد صاحب، مکرم محمد خان صاحب (لوہار) ملک محمد اشرف راشد ظہر کی نماز کے بعد عصر کی نماز تک اکٹھے ہو کر احمدیت کے مسائل پر گفتگو کرتے تھے۔ صداقت احمدیت کے نشانات اہل دیہہ کو بتاتے تھے۔ یہ تمام لوگ دوالمیال کے معتبرین میں شامل تھے۔ ملک غلام احمد صاحب کے والد محترم پانچ وقت کے نمازی، تہجد گزار اور متوکل شخصیت تھے۔ آپ احمدیت کے فدائی اور حضرت مسیح موعود کی کتب کا گہرا مطالعہ رکھنے والے، محبت اور خلوص کا پیکر، دعوت الی اللہ آپ کی رگ رگ میں سمائی ہوئی تھی۔ ملک غلام احمد صاحب کے دل میں احمدیت سے محبتوں کے دیپ ان کے والد محترم نے جلائے تھے اور ان دیپوں کو پھر ملک غلام احمد صاحب نے بجھنے نہیں دیا بلکہ ان کی روشنی کو اور زیادہ بڑھایا اور خدمت احمدیت میں آگے سے آگے رہے۔

مکرم غلام احمد صاحب نے میٹرک مشن ہائی سکول ڈلوال سے کیا۔ جب آپ بچے تھے تو آپ کو ٹائیفائیڈ ہوا تھا۔ جس کی وجہ سے آپ کی ریڑھ کی ہڈی ٹیڑھی ہوگئی تھی۔ لیکن اس کے باوجود سکول میں آپ ہاکی اور والی بال کی فرسٹ الیون ٹیم میں شامل تھے۔

آپ نے سی۔ کام، کامرس کالج راولپنڈی، پھر لاہور، گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر مغلپورہ سے الیکٹریشن کے کورس میں نمایاں ٹیکنیکل بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس کے بعد سنی فلور ملز گلبرگ میں الیکٹریشن کی حیثیت سے ملازمت شروع کی اور وہاں سے ہی میسور انڈیا سے فلور ملز انجینئرز (ملر) کا کورس کیا اور سنی فلور ملز، شالیمار فلور ملز میں ملر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

پھر آپ نے پاکستان میں فلور ملز ا ریکشن (Eraction) کا کام شروع کیا اور پاکستان میں درجنوں فلور ملز کو نصب کروایا اور چیف ملر کی حیثیت سے تمام ملوں پر کام کیا۔ پنجاب سرحد فلور ملز ایسوسی ایشن کے صدر بھی رہے۔ پاکستان فلور ملز کی تاریخ میں مکرم ملک غلام احمد صاحب کا نام جانا پہچانا ہے۔ پاکستان فلور ملز کی تاریخ مکرم ملک غلام احمد صاحب کے نام کے بغیر ادھوری ہے۔ مکرم ملک غلام احمد صاحب فلور ملز میں ایک نمایاں شخصیت تھے۔ فلور ملز میں ان کی خدمات کو بھلایا نہیں جا سکتا۔ آپ پاکستان بھر میں فلور ملز کے چیف ملر کی حیثیت سے پہچانے جاتے تھے۔

یہ محض خدا کا آپ پر فضل تھا۔ آپ نے کبھی نہیں چھپایا۔ بلکہ جہاں بھی گئے، اپنے آپ کو جماعت سے وابستہ رکھا۔ وہ خود کہا کرتے تھے کہ مجھے جو کچھ ملا ہے احمدیت کی برکت اور والدین کی دعاؤں سے ملا ہے اور احمدیت کا تحفہ مجھے اپنے والدین سے ملا ہے۔ آپ نے قائد خدام الاحمدیہ دوالمیال کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیں۔ عرصہ 13 سال تک گلبرگ حلقہ لاہور کے سیکرٹری اصلاح وارشاد رہے۔

خدمت خلق کا جذبہ آپ میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ ہر وقت خدمت خلق اور خدمت احمدیت کے لئے مستعد رہتے۔ آپ کی کار ہمیشہ احمدیت کی خدمت میں مصروف رہتی۔

آپ پوری فیملی کے ساتھ اہلیہ مکرمہ خالدہ بیگم صاحبہ۔ دو بیٹے، فرحان احمد ملک، ارسلان احمد ملک ایک بیٹی نازیہ غلام لاہور سے انگلینڈ کے شہر ناٹنگھم میں شفٹ ہو گئے۔ وہاں آپ کی بہن محترمہ زینب بیگم صاحبہ اہلیہ ملک مختار احمد صاحب مرحوم سابق جسٹس آف پیس ناٹنگھم شہر اور سابقہ صدر جماعت رہتی ہیں۔ وہاں بھی اپنے آپ کو احمدیت کے لئے وقف رکھا اور مستعد کارکن رہے۔ احمدیت کی خدمت کے لئے آپ نے اپنی اولاد کو بھی پیش پیش رکھا اور وہ بھی نہایت مستعدی سے احمدیت کی خدمت لاہور میں بھی کرتے رہے اور اب ناٹنگھم جماعت میں آپ کا بیٹا فرحان احمد بھی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

محترم ملک غلام احمد صاحب اور آپ کی اہلیہ محترمہ خالدہ بیگم صاحبہ خدمت دین میں پیش پیش رہی ہیں آپ بڑے مہمان نواز تھے۔ کوئی دن خالی نہیں ہوتا تھا۔ کہ آپ کے گھر کوئی مہمان نہ رہا ہو۔ آپ مہمانوں کی بہت زیادہ خدمت کرتے تھے اور آپ کی اہلیہ بھی مہمان نوازی میں اپنا ثانی نہیں رکھتی ہیں۔

مکرم ملک صاحب نے جماعت احمدیہ ناٹنگھم میں سیکرٹری مال کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیں اور نہایت خلوص کے ساتھ احمدیت کی حتی المقدور خدمت کرتے رہے۔ مکرم ملک غلام احمد صاحب کو مورخہ 24 دسمبر 2003ء کو ناٹنگھم گھر پر دل کا دورہ پڑا۔ ہسپتال لے کر گئے۔ لیکن یہ دورہ جان لیوا ثابت ہوا اور آپ اللہ کو پیارے ہو گئے۔

مورخہ 27 دسمبر 2003ء بمقام بیت الفضل لندن حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مکرم غلام احمد صاحب کی نماز جنازہ حاضر پڑھائی، اور آپ کے بیٹوں سے تعزیت فرمائی۔

(روزنامہ الفضل 3 جنوری 2004ء)

مورخہ 28 دسمبر 2003ء کو لیسٹر احمدیہ بیت الحمد میں نماز جنازہ پڑھانے کے بعد لیسٹر کے قبرستان کے جماعت احمدیہ کے قطعہ میں آپ کو دفن کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس کا مکین بنائے۔ (آمین)

بوقت وفات آپ کی عمر 57 سال تھی اور آپ جماعت احمدیہ ناٹنگھم کے سیکرٹری مال کے طور پر خدمات بجالا رہے تھے۔

خاندانی جھگڑوں اور رنجشوں کو ختم کرنے میں ملک غلام احمد صاحب کا کردار ہمیشہ نمایاں رہا اور آپ کو خاندانی رنجشوں سے بہت افسوس ہوتا تھا اور اکثر کہا کرتے تھے، کہ ایک احمدی کو یوں ناراض نہیں ہونا چاہئے۔ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونا چاہئے۔ ہمارا تعلق جماعت احمدیہ سے ہے اور ہماری وابستگی نظام خلافت سے ہے۔ احمدیت، محبت الفت، امن، صلح اور آشتی کی تعلیم دیتی ہے۔ اس لئے ہم سب کو مل جل کر اتفاق سے رہنا چاہئے اور خاندانی رنجشوں کو مٹانے کے لئے آپ ہر وقت اپنی خدمات پیش کرتے تھے اور کافی حد تک ان رنجشوں کو ختم کرنے میں آپ کا حصہ نمایاں ہے اور آپ نے خاندان میں اتفاق کی فضا قائم کی۔

آپ جس محفل میں ہوتے تھے، اس محفل کی جان ہوتے تھے، اپنی زعفرانی طبیعت اور گفتگو سے محفل پر چھائے ہوتے تھے، جس نے بھی مدد کو پکارا آپ نے نہ نہیں کی، بلکہ حتی المقدور اس کے کام کو مکمل کیا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت کرے۔ آپ کو جنت فردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے اور آپ کے پسماندگان کو احمدیت کی صحیح رنگ میں خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ ان کو کامیاب وکامران کرے۔ (آمین)

☆......☆......☆

محترم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

اہل کشمیر کے لئے احمدی زعماء کی بے لوث خدمات اور دانشوروں اور مسلم عمائدین کے کھلے اعترافات

شملہ کانفرنس اور آل انڈیا کشمیر کمیٹی کا قیام

کشمیری مسلمانوں پر بے پناہ مظالم کا سلسلہ جب بے حد دراز اور حد درجہ خون آشام ہو گیا تو حضرت امام جماعت احمدیہ مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب نے ہندوستان کے مسلم زعما کو 25 جولائی 1931ء کو شملہ میں اکٹھے ہونے کی دعوت دی تا کہ مظلوم و مجبور کشمیریوں کی مدد کے لئے ایک فعال کمیٹی قائم کی جا سکے۔ اس وقت کے مشہور جریدہ ''پیسہ اخبار'' نے اس کمیٹی یعنی ''آل انڈیا کشمیر کمیٹی'' کے ممبران کے نام اس طرح درج کئے ''ڈاکٹر سر محمد اقبال، نواب ذوالفقار علی خان، خواجہ حسن نظامی، نواب صاحب کنج پورہ، مرزا بشیرالدین محمود امام جماعت احمدیہ قادیان وغیرہ شامل ہیں۔ اس کمیٹی کے پریذیڈنٹ امام جماعت احمدیہ منتخب ہوئے.........''

(پیسہ اخبار مورخہ 30 جولائی 1931ء بحوالہ ''اقبال اور احمدیت'' ص415-416 از شیخ عبدالماجد صاحب)

حضرت امام جماعت احمدیہ کشمیر کمیٹی کے سربراہ

مسز ایم۔ ڈی۔ تاثیر اپنی انگریزی تصنیف ''دی کشمیر آف شیخ عبداللہ'' کے ص 11 پر تحریر فرماتی ہیں:
(شائع کردہ فیروز سنز لاہور)

'' علامہ اقبال نے تحریک احمدیہ کے سپریم ہیڈ مرزا بشیرالدین محمود احمد کی خدمت میں درخواست کی کہ وہ کشمیر کمیٹی کے سربراہ بنیں۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ اقبال جانتے تھے کہ احمدیہ جماعت ایک فعال جماعت ہے۔ اور مرزا صاحب فنڈز جمع کر سکتے ہیں۔ والنٹیرز مہیا کر سکتے ہیں۔ جو کشمیری مسلمانوں کے کاز کے لئے کام کریں گے۔''

کشمیر کمیٹی سے استعفیٰ

بعض وجوہات کی بنا پر حضرت مصلح موعود (خلیفة المسیح الثانی) 7 مئی 1933ء کو آل انڈیا کشمیر کمیٹی کی صدارت سے مستعفی ہو گئے اور علامہ اقبال کو کمیٹی کا صدر منتخب کیا گیا علامہ اقبال نے صدر منتخب ہونے کے تھوڑا عرصہ بعد ہی استعفیٰ دے دیا بہرحال صدر مقرر کئے جانے کے بعد جون 1933ء میں علامہ اقبال نے غیر منقسم ہندوستان کے کوئی سات کروڑ مسلمانوں کے نام ایک اپیل جاری کی جس میں (حضرت مصلح موعود کی صدارت) میں آل انڈیا کشمیر کمیٹی کی طرف سے مسلمانان کشمیر کی ٹھوس خدمت اور امداد کا اعتراف کیا۔ اس شائع شدہ اپیل کے چند مندرجات ملاحظہ کیجئے:۔

'' برادران اسلام! موجودہ زمانے کے اندر تحریک خلافت کے بعد تحریک کشمیر ایک ایسی تحریک ہے جس سے خالص اسلامی جذبات کو عملی مظاہرے کا موقع ملا اور جس نے قوم کے تن مردہ میں حیات تازہ کی لہر ایک دفعہ پھر دوڑا دی۔ جن قومی جماعتوں نے اہل خطہ کے ساتھ عملی ہمدردی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے آپ کو تسلیم ہو گا کہ آل انڈیا کشمیر کمیٹی کا نام ان کی صف اول میں ہے۔

آل انڈیا کشمیر کمیٹی نے ابتدائے کار (یعنی جولائی 31ء سے جب امام جماعت احمدیہ نے صدارت سنبھالی۔ ناقل) اپنے مخصوص طریق کار کے مطابق نہ صرف اہل خطہ کے حالات و جذبات کی ایسی ترجمانی کی ہے کہ خود اہل خطہ بحالات موجودہ ویسی نہ کر سکتے تھے۔ بلکہ کمیٹی نے کئی گتھیوں کو سلجھانے، مصیبت زدوں کو مالی امداد پہنچانے اور فسادات کے مقدمات کو اپنے ہاتھ میں لے کر ان کی پیروی کرنے میں نہایت قابل قدر خدمات انجام دی ہیں اور اب تک دے رہی ہے۔ ابتدائے کار سے کشمیر کمیٹی نے حکومت ہند، برطانیہ اور برطانوی قوم پر اس حقیقت کو ظاہر کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی کہ کشمیر کا مسئلہ مسلمانان ہند کی سیاسی حیات و موت کا مسئلہ ہے۔''

آگے چل کر فرماتے ہیں:۔

''نیا مرحلہ آ گیا ہے اور اس کے لئے نئی قربانیوں کی ضرورت ہو گی۔ جو لوگ گزشتہ انقلاب سے ماخوذ ہیں اور ان پر مقدمات چل رہے ہیں۔ ان کی طرف بھی توجہ میں ہرگز کمی نہیں آنی چاہئے۔ اب تک (یعنی امام جماعت احمدیہ کے عرصہ صدارت تک۔ ناقل) ان مقدمات کی پیروی خوش اسلوبی سے ہوئی ہے لیکن قوم کو اس حقیقت سے بے خبر نہیں رہنا چاہئے کہ کشمیر کمیٹی کے پاس جو روپیہ فراہم شدہ تھا وہ خرچ ہو چکا ہے اور........... جب تک قوم روپیہ سے اعانت پر کمربستہ نہ ہو گی۔ نہ تو نئی پیدا شدہ صورت حال میں کوئی اہم کام سرانجام پا سکے گا اور نہ ہی سینکڑوں ماخوذین کو قانونی امداد پہنچانے کا کوئی ذریعہ ہو گا۔

مسلمانو! اپنے دین کو ہر دو اوصاف سے آراستہ کرو۔

نوٹ: چندہ کی رقوم مسلم بنک انارکلی۔ لاہور کو بھیجی جائیں۔

ڈاکٹر سر محمد اقبال پی ایچ ڈی۔ بیرسٹر۔ صدر آل انڈیا کشمیر کمیٹی۔ ملک برکت علی ایم۔ اے۔ ایل ایل بی ایڈووکیٹ سیکرٹری آل انڈیا کشمیر کمیٹی۔ (انقلاب 30 جون 1933ء بحوالہ ''اقبال اور احمدیت'' ص 451،450)

کشمیریوں کے لئے حق خودارادیت منوانے والا اولین ھیرو

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ دسمبر 1947ء میں خود قائداعظم نے چوہدری محمد ظفراللہ خان کو پاکستان کا پہلا وزیر خارجہ مقرر کیا اور چوہدری صاحب نے اس حیثیت میں اقوام متحدہ میں اہل کشمیر کے لئے عظیم اور کامیاب معرکے لڑے جن کے نتیجہ میں سلامتی کونسل نے کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لئے تاریخی قراردادیں پاس کیں۔ جو کہ شروع سے ہی پاکستان کے لئے ایک قیمتی سرمایہ اور ناقابل تردید موقف رہا ہے۔ اس سلسلہ میں ہم اس دور کے ''ڈان'' کے ایڈیٹر جناب فضل احمد کی کشمیر سے متعلق تاریخی کتاب ''خونابۂ کشمیر'' کے متعدد حوالوں میں سے صرف ایک حوالہ بطور نمونہ درج کرتے ہیں:۔

سر محمد ظفراللہ خان کا تاریخی اور ناقابل تردید مؤقف

''کشمیر کو اغیار سے پاک کر دینا لازمی ہے......
غرض یہ کہ باشندگان ریاست پر کسی قسم کا دباؤ نہیں ہونا چاہئے اس کے بعد عوام سے دریافت کیا جائے کہ وہ کس طرف جانا چاہتے ہیں اور جو کچھ وہ فیصلہ کریں ان میں سے اسے نافذ کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہونا چاہئے۔'' (''خونابۂ کشمیر'' ص 227)

چوہدری سر محمد ظفراللہ خان کی اس مسکت دلیل اور شاندار کامیابی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے برصغیر کے جید اور سینئر صحافی م۔ش نے بجا طور پر لکھا ہے:

''آخر میں ایک ایسے شخص کے فن تقریر پر کچھ کہنے چلا ہوں کہ جن کا نام آتے ہی پاکستان کے ایک حصہ میں غیظ و غضب کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ لیکن میں اس شخص کا انصاف کا خون بہائے بغیر، اس مضمون سے نام محو نہیں کر سکتا۔ میری مراد سر محمد ظفراللہ خاں سے ہے وہ اردو اور انگریزی کے ایک بے پناہ زبردست اور ٹھنڈے دل و دماغ کے اعلیٰ پایہ کے مقرر تھے۔ انہوں نے قائداعظم کے حکم کے تحت پارٹیشن کمیٹی میں مسلم لیگ کی جس طرح ترجمانی کی اس کا مکمل ریکارڈ موجود ہے۔ اس طرح قیام پاکستان کے بعد انہوں نے جس انداز سے کشمیر کے مسئلہ کو سیکورٹی کونسل کے سامنے پیش کیا یہ اس کا ثمر تھا کہ سیکورٹی کونسل نے متفقہ طور پر کشمیر کے مستقبل کو عوام کے استصواب رائے سے مشروط کر دیا۔

چوہدری محمد ظفراللہ خاں نے عربوں کے کیس کی اقوام متحدہ میں جس خلوص دیانتداری، بلند حوصلگی سے نمائندگی کی، اس کا اعتراف تمام عالم اسلام کو ہے۔ میں نے جو کچھ دیانتداری سے سمجھا اسے لکھ دیا۔ اب مجھے ایک مخصوص حلقے سے اینٹوں کا انتظار رہے گا۔

سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی

(تحریر: م۔ش مطبوعہ ''نوائے وقت'' میگزین مورخہ 21 ستمبر 1990)

ایک مضمون میں ڈاکٹر عابد نظامی لکھتے ہیں۔

''پاکستان کے آئین آرٹیکل 257 کے مطابق کسی پاکستانی حکومت یا کسی سیاسی پارٹی یا شخصیت کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ استصواب کے علاوہ کشمیر کی آزادی کا کوئی دوسرا حل نکالے۔ اب جو حکمران استصواب کے علاوہ (کسی ثالث وغیرہ کے ذریعے مسئلہ کشمیر کا کوئی حل چاہتا ہے) اسے آئین پاکستان کی یہ شق فراموش نہیں کرنی چاہئے۔''

(نوائے وقت'' سنڈے میگزین مورخہ 15 جنوری 2006ء)

اقوام متحدہ میں معرکہ کشمیر کی ابتداء ورلڈ فورم (UNO) پر پاکستانی وزیر خارجہ کا شاندار موقف اور فتح

قیام پاکستان کے موقع پر امریکہ میں متعین کئے جانے والے پاکستانی سفیر ایم۔ اے۔ ایچ اصفہانی کا ایک مضمون مسئلہ کشمیر۔ قائداعظم سے خط و کتابت ''نوائے وقت سنڈے میگزین'' مورخہ 6 فروری 2005ء صفحہ اول پر شائع ہوا ہے۔ اس کی ابتداء جناب اصفہانی ان الفاظ سے کرتے ہیں۔

''تنازعہ کشمیر سے میرا بہت گہرا تعلق رہا تھا، بالخصوص اس کے ابتدائی مراحل میں کیونکہ جب اسے ہندوستان نے شروع جنوری 1948ء میں پہلی بار مجلس اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پیش کیا تھا تو میں چوہدری ظفراللہ خان کا نائب تھا۔ یہ تنازعہ جواب تک ہندوستان کے غیر معقول رویے کے سبب حل نہیں ہو سکا ایک ایسا موضوع ہے جسے ہمارے ملک کا ہر بالغ و نابالغ بہت اچھی طرح جانتا ہے۔''

(الف) تعارفی سطور کے بعد وہ اقوام متحدہ سے قائداعظم کے نام اپنے بعض خطوط کے اقتباسات نقل کرتے ہیں آیئے ان کے چند حصے پڑھتے ہیں:۔

نیویارک

7 فروری 1948ء

''مجھے آپ سے اپنی طویل خاموشی کی معافی کی درخواست کرنا ہے۔ کشمیر کے مسئلے کی وجہ سے ہم سب لوگ مشغول بھی رہے ہیں اور پریشان بھی۔ خدائے تعالیٰ کے رحم و کرم اور اس کی مدد سے ہم نے اب تک جو کچھ کیا ہے اچھا ہی کیا ہے، اور ہندوستان کی ان مسلسل کوششوں کے باوجود کہ اسے اس کا مقصد حاصل ہو جائے اب تک اسے اس میں کامیابی نہیں ہوئی ہے''۔ آگے چل کر لکھتے ہیں:۔

''گزشتہ شب کی کانفرنس کے ختم ہونے سے

ذرا دیر پہلے سر ظفر اللہ خان نے صدر کی توجہ اس خبر کی جانب مبذول کی کہ ہندوستان جوناگڑھ میں رائے شماری کرنے کو ہے اور انہیں بتایا کہ اگر ایسا اقدام کیا گیا تو کسی مجموعی مفاہمت کے راستے میں ایک اور رکاوٹ پیدا ہو جائے گی۔ مسٹر گوپالا سوامی آئینگر نے صدر کو اطمینان دلایا کہ وہ اپنی حکومت سے درخواست کریں گے کہ وہ رائے شماری کا کام شروع نہ کرے کیونکہ یہ معاملہ بھی ایک طرح سے فیصلہ طلب تھا۔‘‘

(ب) شیخ عبداللہ کا بھارت کی طرف سے پیش ہونا

’’اگلے دن شام کو ہمیں شیخ عبداللہ کی تقریر سننے کا موقع ملا جس میں انہوں نے بہت بیوقوفی کا ثبوت دیا۔ انہیں اپنی زبان پر قابو نہ رہا اور نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے خدا کی شان میں بھی یہ گستاخانہ الفاظ کہہ دیئے کہ!

’’اگر اسے عارضی حکومت سپرد کر دی جائے تو اللہ تعالیٰ بھی غیر جانب دار نہ رہے گا۔‘‘ کل سر ظفر اللہ نے شیخ عبداللہ کی خوب دھجیاں اڑائیں۔‘‘

27 مارچ 1948ء کا مکتوب بنام قائداعظم

’’............ یہاں جو واقعات روز بروز ہوتے رہے ہیں ان سے آپ کو پوری طرح مطلع کیا جاتا رہا ہے۔ **ظفر اللہ خان صورت حال کو بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔** عادلانہ اور منصفانہ طور پر معاملے طے کرانے کے لئے سب کچھ کیا جا رہا ہے اور آئندہ بھی کیا جائے گا اور ایسی کوئی تجاویز جو اس سے قاصر ہوں منظور نہیں کی جائیں گی۔‘‘

20 /اپریل 1948ء کا مکتوب بنام قائداعظم

ہندوستانی مندوب گوپالا سوامی آئینگر کے مقابل پر **پاکستان کا ناقابل تردید موقف۔**

’’............ گوپالا سوامی آئینگر کے بعد ظفر اللہ خان تقریر کرنے کھڑے ہوئے۔ ان کی دو گھنٹے کی تقریر ایک شاندار کارنامہ تھی۔ ان کا استدلال واضح اور ان کے دلائل ناقابل تردید تھے۔ انہوں نے اس ’’آخری قرارداد‘‘ کے محرکین کی سابقہ تقریروں کا حوالہ دے کر یہ ثابت کیا کہ انہوں نے اپنا موقف کس طرح اچانک تبدیل کر لیا تھا اور اب وہ کس طرح یہ کوشش کر رہے تھے۔ کہ ہم ایک ایسی بات منظور کر لیں جسے ابھی تھوڑے عرصہ پہلے وہ خود غیر منصفانہ اور غیر عادلانہ سمجھتے تھے۔ انہوں نے وضاحت سے قرارداد کا تجزیہ کیا اور ہماری طرف سے اس میں چند ترمیمیں پیش کیں جن کے بارے میں انہوں نے کہا کہ وہ قوموں کے بیان کردہ اصولوں کے عین مطابق تھیں۔‘‘

(’’نوائے وقت سنڈے میگزین‘‘ مورخہ 6 مارچ 2005ء ص 1 کالم نمبر 5 ص 31 کالم نمبر 1)

کشمیر پر اقوام متحدہ کی پہلی قرارداد متفقہ طور پر پاس ہوئی

کشمیری قلمکار محمد خان نقشبندی اپنے مضمون ’’کشمیر پر اب ہمارا موقف کیا ہے‘‘؟ مطبوعہ روزنامہ نوائے وقت مورخہ 8 ستمبر 2005ء میں کشمیر پر اقوام متحدہ کی پہلی قرارداد کے متعلق لکھتے ہیں:

’’اقوام متحدہ کی یہ قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی تو اس کے حق میں گیارہ میں سے 9 ممبران نے ووٹ دیئے تھے۔ مخالفت میں ایک ووٹ بھی نہیں تھا۔ روس اور یوکرائن غیر جانبدار رہے تھے۔ اس قرارداد کی پہلی شق یہ تھی۔

’’ریاست جموں و کشمیر کا ہندوستان یا پاکستان سے الحاق کا فیصلہ جمہوری طریق سے آزادانہ و غیر جانبدار رائے شماری کے ذریعہ ہوگا۔‘‘

اپنے مضمون کے آخری پیراگراف میں صاحب مضمون رقمطراز ہیں:

’’پاکستان کا گزشتہ 57 برسوں سے یہ موقف رہا ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق متنازعہ ریاست جموں و کشمیر میں رائے شماری کرائی جائے، اس موقف پر ہمیں کئی ایک ممالک کی تائید و حمایت بھی حاصل رہی ہے، اب ہم اپنا یہ موقف تبدیل کر کے ان ملکوں کی تائید و حمایت سے بھی محروم ہو گئے ہیں۔ بھارت نے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا بھی مطالبہ شروع کر دیا ہے۔ پاکستان کے خداوندان بست وکشاد کو اپنے پہلے اصولی موقف پر لوٹ آنا چاہئے اور بھارت کی رضامندی اور لچک وغیرہ کی فروعات کو خیر باد کہہ دینا چاہئے۔ پاکستان اور کشمیری عوام کا ایک ہی موقف ہے کہ کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کی رائے شماری کی قراردادوں کے ذریعہ حل ہونا چاہئے۔ پاکستان میں اس پر مکمل قومی اتفاق رائے بھی پایا جاتا ہے۔‘‘

(مضمون مطبوعہ ’’نوائے وقت‘‘ مورخہ 8 ستمبر 2005ء ادارتی صفحہ)

بہت عرصہ پہلے ممتاز صحافی م۔ش (مرحوم) 1948ء میں مسئلہ کشمیر پر اقوام متحدہ میں متفقہ قرارداد پاس کرانے پر پہلے وزیر خارجہ پاکستان سر محمد ظفر اللہ خان کو یوں خراج تحسین پیش کر چکے ہیں:۔

’’قیام پاکستان کے بعد انہوں نے جس انداز سے کشمیر کے مسئلہ کو سیکورٹی کونسل کے سامنے پیش کیا یہ اس کا ثمرہ تھا کہ سیکورٹی کونسل نے متفقہ طور پر کشمیر کے مستقبل کو عوام کے استصواب رائے سے مشروط کر دیا۔ چوہدری محمد ظفر اللہ خاں نے عربوں کے کیس کی اقوام متحدہ میں جس خلوص، دیانتداری، بلند حوصلگی سے نمائندگی کی اس کا اعتراف تمام عالم اسلام کو ہے۔ میں نے جو کچھ دیانتداری سے سمجھا اسے لکھ دیا‘‘۔

(م۔ش کی ڈائری مطبوعہ ’’نوائے وقت‘‘ میگزین مورخہ 21 ستمبر 1990ء)

کشمیر کے بارے میں حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی خدمات کا اعتراف

حمید نظامی صاحب کے نوائے وقت نے لکھا:

’’ہندوستان نے کشمیر کا قضیہ یو۔این۔او میں پیش کر دیا۔ چوہدری صاحب پھر نیویارک پہنچے۔ 4 فروری 1948ء کو آپ نے یو۔این۔او میں دنیا بھر کے چوٹی کے دماغوں کے سامنے اپنے ملک وملت کی وکالت کرتے ہوئے مسلسل ساڑھے پانچ گھنٹے تقریر کی۔ ظفر اللہ کی تقریر ٹھوس دلائل اور حقائق سے لبریز تھی ...... کشمیر کمیشن کا تقرر ظفر اللہ کا ایک ایسا کارنامہ ہے جسے مسلمان کبھی نہ بھول سکیں گے‘‘۔

(نوائے وقت 24/اگست 1948ء)

انگریزی رسالہ ’’السٹریٹڈ ویکلی آف پاکستان‘‘ نے 13 مارچ 1950ء کی اشاعت میں لکھا:۔

